p-CRESOL

ICSC: 0031 پیرا۔کریسول

CAS # 106-44-5 RTECS # GO6475000 UN # 2076 EC # 604-004-00-9	دیگرنام: **4-Hyroxy-1-methylbenzene** **4-Methylphenol** **Para-hydroxytoluene** فارمولا: $C_7H_8O/CH_3C_6H_4OH$ سالماتی وزن **108.2**

خطرے کی قسم	شدیدخطرات / علامات	بچاؤ	ابتدائی طبی امداد اورآگ پر قابو پانا
آگ:	جلنے والا مادہ	کھلے شعلے اور سگریٹ نوشی سختی سے منع ہے	'فوم' کاربن ڈائی آکسائیڈ AFFF پاؤڈر' استعمال کریں
دھماکہ :	86 سنٹی گریڈ سے اوپر دھماکہ خیز بخارات اور ہوا کا آمیزہ بن سکتا ہے	86 سنٹی گریڈ سے اوپر بند سسٹم اور ہوا کی آمدورفت کا انتظام کریں	

جسم میں داخلہ :		حفظان صحت پر سختی سے عملدرآمد کریں	ہر حالت میں ڈاکٹر سے رجوع کریں
سانس کے راستے :	جلن کھانسی سردرد سانس لینے میں مشکل متلی قے آنا	لوکل ایگزاسٹ یا آلات تنفس استعمال کریں	تازہ ہوا میں لے جائیں آرام دلائیں ٹیک لگا کرلٹائیں ضرورت پڑنے پر مصنوعی تنفس فراہم کریں طبی نگہداشت کا انتظام کریں
جلد کے راستے :	جسم میں جذب ہوسکتا ہے سرخی درد آبلے	حفاظتی دستانے استعمال کریں حفاظتی لباس استعمال کریں	آلودہ کپڑے اتار دیں پانی بہائیں پھر جلد کو پانی اور صابن سے دھوئیں طبی نگہداشت کا بندوبست کریں
آنکھوں میں پڑنا :	سرخی درد شدید گہرے زخم	چہرے کی شیلڈ یا آنکھوں کی حفاظت کے ساتھ آلات تنفس استعمال کریں	پہلے کئی منٹ تک پانی سے اچھی طرح دھوئیں پھر ڈاکٹر کے پاس لے جائیں
نگلنے کی صورت میں :	پیٹ میں کھچاؤ جلن کا احساس نڈھال ہوکر گرنا	کام کے دوران خوردونوش اور سگریٹ نوشی مت کریں	کلی کروائیں قے مت دلائیں طبی نگہداشت کا انتظام کریں

بکھرنے کی صورت میں اقدامات :	پیک کرنا اور لیبل لگانا :
گرے ہوئے مادے کو اکٹھا کرکے ڈبوں یا برتنوں میں ڈالیں اگر مناسب ہو تو پہلے پانی سے نم کرلیں تاکہ گرد نہ اٹھے احتیاط کے ساتھ بقیہ مادے کو اکٹھا کریں پھر اس کو محفوظ جگہ پر لے جائیں (غیر معمولی ذاتی تحفظ، مکمل حفاظتی لباس اور خودکار آلہ تنفس کی ضرورت)	خوراک یا جانوروں کی فیڈ کے ساتھ بار برداری نہ کریں C نوٹ: بحری آلودگی کا باعث
ذخیرہ کرنا :	**ہنگامی اقدامات :**
طاقتور تکسیدی مادوں خوراک اور جانوروں کی فیڈ سے الگ رکھیں	Transport Emergency Card: TEC (R)-37A NFPA Code: H 3; F 2; R 0;

اہم معلومات پشت پر ملاحظہ فرمائیں

اہم معلومات

طبعی حالت: شکل : قلمیں مخصوص بو کے ساتھ' جو ہوا میں رکھنے سے گہرے بے رنگ کی ہو جاتی ہیں۔

کیمیائی خطرات: یہ مادہ طاقتور تکسیدی مادوں کے ساتھ شدت سے عمل کرتا ہے۔جس سے آگ اور دھماکے کا خطرہ پیدا ہوتا ہے۔

ہوا میں مقررہ حدود: (Occupational exposure limits)

TLV: 5 ppm; 22 mg/m^3 (as TWA) (skin) (ACGIH 1993-1994).
MAK: 5 ppm; 22 mg/m^3; skin (1992).

جسم میں داخلے کے راستے : یہ مادہ جسم میں سانس کے راستے جلد کے راستے سے اور نگلنے سے جذب ہوسکتا ہے

سانس کے راستے داخلے کے اثرات : 20 سنٹی گریڈ سے اوپر اس کی مقدار ہوا میں آہستہ آہستہ بڑھ کر خطرناک حد تک پہنچ جائے گی

مختصر مدت کے لئے جسم میں داخلے کے اثرات : گلانے کا موجب مادہ یہ مادہ آنکھوں 'جلد اور سانس کی نالی کو گلا دیتا ہے نگلنے پر اعضاء کو گلا دیتا ہے اس کے ذرات یا بخارات کے سانس کے ذریعے اندر جانے پر پھیپھڑوں میں پانی بھر سکتا ہے (نوٹ دیکھیں) یہ مادہ مرکزی عصبی نظام اور بہت سے اعضاء پر اثر انداز ہوسکتا ہے .

جسم میں طویل عرصے تک داخلے کے اثرات : جلد کے ساتھ طویل عرصے تک یا بار بار لگنے سے سوزش (Dermatitis) ہوسکتی ہے۔

طبعی خوائص

نقطہ جوش: 202 سنٹی گریڈ

نقطہ پگھلاؤ: 35 سنٹی گریڈ

کثافت اضافی (بالمقابل پانی=1): 1.02

25 سنٹی گریڈ پر پانی میں حل پذیری: 1.9 گرام فی 100 ملی لٹر

25 سنٹی گریڈ پر بخاراتی پریشر: 15Pa

بخارات کی کثافت اضافی (بمقابل ہوا=1): 3.7

فلیش پوائنٹ: 86°C c.c

خود بخود آگ بھڑکنے کا ٹمپریچر: 559 سنٹی گریڈ

دھماکہ خیزی کے لیے ہوا میں فی صد مقدار: 1.0-?

Log Pow کے طور پر اوکٹانول بمقابلہ پانی پارٹیشن کو فیشنٹ: 1.94

ماحولیاتی اعداد و شمار

یہ مادہ ماحول کے لیے نقصان دہ ہوسکتا ہے' پانی پر خصوصی توجہ دی جائے اس بات کا سختی سے خیال رکھیں کہ یہ مادہ ماحول میں داخل نہ ہو کیونکہ یہ ماحول میں لمبے عرصے تک موجود رہتا ہے

نوٹس (Notes)

پھیپھڑوں میں پانی بھرنے (lung oedema) کی علامات اکثر کئی گھنٹوں کے بعد ظاہر ہوتی ہیں اور جسمانی کام کرنے سے ان کی شدت میں اضافہ ہوجاتا ہے لہذا آرام اور طبی نگہداشت انتہائی ضروری ہے
ڈاکٹر یا اس کا نامزد کردہ شخص فوراً مناسب قسم کا سپرے کرنے پر غور کریں

مزید معلومات :

LEGAL NOTICE Neither the CEC nor the IPCS nor any person acting on behalf of the CEC or the IPCS is responsible for the se hich ight be a e of this infor ation

C IPCS, CEC 1999

International Progra e on Che ical Safety

Prepare in the conte t of cooperation bet een the International Progra e on Che ical Safety an the Co ission of the E ropean Co nities C IPCS CEC